[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

*to reserve special seats for deserving persons in Universities and Higher Education Institutions.*

WHEREAS it is expedient to make a law to for the reservation of special seats in universities, for the deserving persons, including those from economically disadvantaged backgrounds, minorities, and other underrepresented groups, and to promote equitable access to higher education and ensure that the benefits of higher education also are accessible to all the segments of society;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**-(1) This Act may be called the reservation of Special Seats for Deserving Persons in Universities Bill, 2024.

2. It shall extend to those universities and higher education institution that have been established under an Act of the Parliament.

(2) It shall come into force at once.

3. **Definitions.**- In this Act, unless the context otherwise requires;-

(a) "Universities" refers to universities and higher education institutions established under an Act of Parliament;

(b) "deserving persons" includes individuals from economically disadvantaged backgrounds, ethnic or religious minorities, persons with disabilities, and other groups identified as underrepresented or marginalized; and

(c) "special seats" mean to reserved seats allocated specifically for deserving persons.

4. **Allocation of Special Seats.**- - (1) Universities shall reserve at least 25% of the seats in capacity for undergraduate and postgraduate programs as under Special Seats for deserving persons.

(2) The University shall ensure that the students enrolled against the special seats shall fulfill one of the following criteria;

(a) financial need;
(b) social or ethnic background;
© disability status;
(d) academic merit, where applicable; and
(e) other criteria as determined by the university's admission policy

Upload

4. **Admission Process.-** (1) Universities shall establish a transparent process for the reservation and admission of deserving persons on special seats.

(2) Universities shall;

(a) publish clear guidelines and eligibility criteria for special seats.
(b) ensure that the application and selection process is accessible to all eligible candidates; and.
© provide assistance and support to applicants from deserving backgrounds to complete their applications.

5. **Full Education:-**
(1) Universities shall grant full scholarship including fee warier and any other related academic expenses to the students admitted on special seats.

(2) Universities shall establish financial aid programs to cover any incidental costs associated with education for students enrolled against special seats.

6. **Monitoring.-** (1) The Higher Education Commission shall oversee and monitor the implementation of this Act to ensure compliance by universities.

(2) An annual report shall be submitted to the Parliament detailing the reservation, admission, and performance of students admitted on special seats.

7. **Power to make guidelines;-**
The Higher Education Commission may issue guidelines form time to time to carry out the purposes of this Act.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Reserving seats for deserving individuals in universities established under an Act of Parliament, and providing free education, is a crucial measure to promote social equity and justice. Such reservations address inequities and disadvantages faced by marginalized communities, ensuring that individuals from underrepresented backgrounds have fair access to higher education. This practice supports equal opportunities and contributes to building a more inclusive society where every person, regardless of their socio-economic status, has the chance to succeed academically.

Furthermore, these reservations and the provision of free education foster diversity and inclusion within the academic environment. By ensuring a diverse student body and eliminating financial barriers, universities enrich the educational experience for all students, exposing them to a variety of perspectives and experiences. This diversity not only enhances the learning environment but also promotes social cohesion and mutual understanding among students from different backgrounds. A more inclusive campus culture ultimately leads to a more supportive and enriched educational experience for everyone involved.

In addition to social equity and inclusion, reserving seats and providing free education aligns with national development goals. It supports the creation of a skilled and educated workforce, addressing regional and socio-economic disparities while promoting social mobility. By complying with constitutional and affirmative action policies, universities help empower individuals from disadvantaged backgrounds, contributing to both individual and national progress. This approach ensures that talent is nurtured and that educational opportunities are accessible to all, thereby supporting broader social and economic development.

**Sd/-**
**SYED RAFIULLAH**,
Member, National Assembly.

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مستحق افراد کے لیے خصوصی نشستیں مختص کرنے کا

# بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ مستحق افراد بشمول معاشی طور پر کمزور طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد، اقلیتوں اور پوری طرح نمائندگی نہ ملنے والے دیگر سماجی گروہ کے لیے اور اعلیٰ تعلیم تک مساوی رسائی کو فروغ دینے اور معاشرے کے جملہ طبقوں کو اعلیٰ تعلیم کے فوائد تک رسائی کو یقینی بنانے کے لیے، یونیورسٹیوں میں خصوصی نشستیں مختص کرنے کے لیے قانون وضع کیا جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) ایکٹ ہذا یونیورسٹیوں میں مستحق افراد کے لیے خصوصی نشستیں مختص کرنے کا بل، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

۲۔ یہ ان یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں تک وسعت پذیر ہو گا جو کہ پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت قائم کیے جائیں گے۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۳۔ **تعریفات:** ایکٹ ہذا میں، ماسوائے سیاق و سباق کچھ اور مطلوب ہو:۔

(الف) ""یونیورسٹیز"" سے مراد وہ یونیورسٹیاں اور اعلیٰ تعلیمی ادارے ہیں جو پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت قائم کیے گئے ہیں؛

(ب) ""مستحق افراد"" میں معاشی طور پر پسماندہ پس منظر سے تعلق رکھنے والے افراد، نسلی یا مذہبی اقلیتیں، معذور افراد اور دیگر گروہ شامل ہیں جن کی شناخت کم یا پسماندہ کے طور پر کی گئی ہے؛ اور

(ج) ""خصوصی نشستیں"" سے مراد وہ مخصوص نشستیں ہیں جو خاص طور پر مستحق افراد کے لئے مختص کی گئی ہیں۔

۴۔ **مخصوص نشستوں کی تخصیص:** (۱) یونیورسٹیاں، مستحق افراد کیلئے مخصوص نشستوں کے تحت انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ پروگراموں کیلئے کل دستیاب نشستوں میں سے کم از کم ۲۵ فیصد نشستیں مختص کریں گی۔

(۲) یونیورسٹی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ مخصوص نشستوں پر اندراج شدہ طلبہ حسب ذیل میں سے کسی ایک معیار پر پورا اترتے ہوں؛

(الف) مالی ضرورت؛

(ب) سماجی یا نسلی پس منظر؛

(ج) معذوری کی کیفیت؛

(د) تعلیمی میرٹ، جہاں قابل اطلاق ہو؛ نیز

(ہ) یونیورسٹی کی داخلہ پالیسی کے ذریعے متعین کردہ دیگر معیار۔

۴۔ **داخلہ کا عمل:** (۱) یونیورسٹیاں مستحق افراد کے لئے خصوصی نشستیں مختص کرنے اور ان کو داخلہ دینے کے لئے شفاف عمل وضع کریں گی۔

(۲) یونیورسٹیاں؛

(الف) خصوصی نشستوں کے لئے واضح طور پر رہنما اصول اور اہلیت کا معیار شائع کریں گی؛

(ب) اس امر کو یقینی بنائیں گی کہ درخواست اور انتخاب کا عمل تمام اہل امیدواروں کے لئے قابل رسائی ہے؛ اور

(ج) مستحق کا پس منظر رکھنے والے درخواست دہندگان کو اپنی درخواست مکمل کرنے کے لئے تعاون اور معاونت فراہم کریں گی۔

۵۔ **مکمل تعلیم:** (۱) یونیورسٹیاں خصوصی نشستوں پر داخلہ دیئے گئے طالب علموں کو فیس معافی اور کوئی دیگر متعلقہ تعلیمی اخراجات سمیت مکمل اسکالرشپ فراہم کریں گی۔

(۲) یونیورسٹیاں خصوصی نشستوں پر داخلہ دیئے گئے طالب علموں کے لئے تعلیم سے منسلک کسی ہنگامی لاگت کو تحفظ دینے کے ضمن میں مالی امداد کے پروگرام قائم کریں گی۔

۶۔ **نگرانی:** (۱) اعلیٰ تعلیمی کمیشن یونیورسٹیوں کی جانب سے تعمیل یقینی بنانے کے لیے ایکٹ ہذا پر عملدرآمد کی نگرانی اور انضباط کرے گا۔

(۲) خصوصی نشستوں پر داخل کیے گئے طلبہ کے لیے نشستیں مختص کرنے، ان پر داخلہ دینے، اور ان طلبہ کی کارکردگی کی تفصیل پر مبنی سالانہ رپورٹ پارلیمان میں پیش کی جائے گی۔

۷۔ **رہنما اصول وضع کرنے کا اختیار:** ایکٹ ہذا کی اغراض کے حصول کے لیے اعلیٰ تعلیمی کمیشن وقتاً فوقتاً رہنما اصول جاری کر سکے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت قائم کی گئی یونیورسٹیوں میں متحد افراد کیلئے نشستیں مختص کرنا اور مفت تعلیم فراہم کرنا سماجی مساوات اور انصاف کو فروغ دینے کیلئے انتہائی اہم اقدام ہے۔ نشستیں مختص کرنے کا یہ اقدام پسماندہ طبقات کو درپیش عدم مساوات اور محرومیوں کا ازالہ کرتا ہے۔ اور اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ کم نمائندگی والے پس منظر کے حامل افراد کو اعلیٰ تعلیم تک منصفانہ رسائی حاصل ہو۔ یہ عمل مساوی مواقع کی تائید کرتا ہے اور ایک زیادہ جامع معاشرہ کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرتا ہے۔ جہاں ہر فرد کو سماجی و معاشی حیثیت سے قطع نظر تعلیمی طور پر کامیاب ہونے کا موقع میسر ہو۔

مزید برآں، تخصیص اور مفت تعلیم کی فراہمی تعلیمی ماحول میں تنوع اور شمولیت کو فروغ دیتے ہیں۔ طلباء کی متنوع ہیئت کو یقینی بنا کر اور مالی مشکلات کو دور کر کے یونیورسٹیاں تمام طلباء کے لیے تعلیمی تجربے کو بہتر بناتی ہیں، اور انہیں مختلف تناظر اور تجربات سے روشناس کرواتی ہیں۔ یہ تنوع نہ صرف سیکھنے کے ماحول کو بہتر بناتا ہے بلکہ مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے طلباء کے مابین سماجی ہم آہنگی اور باہمی افہام و تفہیم کو بھی فروغ دیتا ہے۔ کیمپس کا زیادہ شمولیت کا کلچر بالآخر اس میں شامل ہر فرد کے لیے زیادہ معاون اور بھرپور تعلیمی تجربہ فراہم کرتا ہے۔

سماجی مساوات اور شمولیت کے علاوہ، نشستیں مختص کرنا اور مفت تعلیم کی فراہمی قومی ترقی کے اہداف کے مطابق ہے۔ یہ ایک ہنر مند اور تعلیم یافتہ افرادی قوت کی تخلیق کی حمایت کرتا ہے۔ سماجی نقل و حمل کو فروغ دیتے ہوئے علاقائی اور سماجی۔ اقتصادی تفاوت کو دور کرتا ہے۔ آئینی اور مثبت کارروائی کی پالیسیوں کی تعمیل کرتے ہوئے یونیورسٹیاں پسماندہ پس منظر سے تعلق رکھنے والے افراد کو بااختیار بنانے میں مدد کرتی ہیں جو انفرادی اور قومی دونوں طرح کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتی ہیں یہ نقطہ نظر اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ٹیلنٹ کو پروان چڑھایا جائے اور تعلیمی مواقع جات سب کے لئے قابل رسائی ہوں اس طرح وسیع تر سماجی اور اقتصادی ترقی میں مدد ملتی ہے۔

سید رفیع اللہ
رکن، قومی اسمبلی